علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ شریعہ، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)

وارننگ

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کرکے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: "مطالعہ متون فقہ اسلامی (از ہدایہ کتاب النکاح والطلاق)" (2958) سمسٹر: خزاں، 2026

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1) تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2) سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔
3) ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4) ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5) مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔
6) آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7) غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 01تا05)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1 کتاب الہدایہ" کی روشنی میں نکاح کے منعقد ہونے کے لیے ایجاب و قبول کے الفاظ اور صیغوں (ماضی، امر وغیرہ) کی کیا شرائط ہیں؟ اس سلسلے میں امام شافعیؒ اور ائمہ احنافؒ کے دلائل کا موازنہ کریں۔ (20)

سوال نمبر 2 "الہدایہ" کے مطابق نکاح کے صحیح ہونے کے لیے گواہوں میں کن شرائط کا ہونا ضروری ہے؟ نیز ذمی (غیر مسلم) کے نکاح میں ذمی گواہوں کی اہلیت کے بارے میں فقہاء کے اختلاف کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 3 کتاب الہدایہ" کی روشنی میں نکاح میں ولی کے اختیارات کی وضاحت کریں اور واضح کریں کہ باپ دادا کے کروائے ہوئے نکاح اور دیگر اولیاء کے کروائے ہوئے نکاح میں خیارِ بلوغ کے لحاظ سے کیا فرق ہے؟ (20)

سوال نمبر 4 "الہدایہ" کی روشنی میں نکاح میں کفاءت (برابری) کا مفہوم بیان کریں اور بتائیں کہ عورت کے غیر کفو میں نکاح کرنے کی صورت میں اولیاء کو کیا حقوق اور اعتراض کے اختیارات حاصل ہیں؟ (20)

سوال نمبر 5 کتاب الہدایہ" کی روشنی میں مہر کی شرعی حیثیت اور اس کی کم از کم مقدار بیان کریں، نیز خلوتِ صحیحہ کے بعد یا خلوت سے پہلے طلاق کی صورت میں مہرِ مسمّٰی اور مہرِ المثل کے احکام واضح کریں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 06تا09)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1 "الہدایہ" کے مطابق طلاق کی اقسام (احسن، حسن/سنّی اور بدعی) کی وضاحت کریں، نیز حالتِ حیض میں دی گئی طلاق کے وقوع اور اس کے بعد رجوع کے فقہی احکام بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 2 "کتاب الہدایہ" کی روشنی میں طلاقِ صریح اور طلاقِ کنایہ کے درمیان فرق اور ان سے واقع ہونے والی طلاق (رجعی یا بائن) کے احکام و اثرات تفصیل سے تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 3 "الہدایہ" کی روشنی میں حرمتِ رضاعت کے ثبوت کے شرعی احکام بیان کریں اور بتائیں کہ رضاعت ثابت کرنے کے لیے کتنے گواہوں کی ضرورت ہوتی ہے اور اس میں ائمہ کا کیا اختلاف ہے؟ (20)

سوال نمبر 4 "کتاب الہدایہ" کے مطابق خلع اور طلاق بالمال کے فقہی احکام کیا ہیں؟ نیز اگر خلع میں عوض کے طور پر غیر مال یا ناجائز چیز مقرر کی جائے تو اس کا نکاح اور طلاق پر کیا اثر پڑتا ہے؟ (20)

سوال نمبر 5 "الہدایہ" کی روشنی میں مطلقہ اور متوفی عنہا زوجہا (جس کا شوہر فوت ہو جائے) کی عدت کے احکام واضح کریں، نیز حیض نہ آنے والی عورت (آئسہ/صغیرہ) اور حاملہ عورت کی عدت کی مدت بیان کریں۔ (20)